28-09-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ نے بی آر کے بھون میں کانگریس کے احتجاج کی قیادت کی۔ احتجاج کے دوران ووٹ چوری کے الزامات پر چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کے استعفیٰ کا مطالبہ کیا گیا۔

۲۔ تلنگانہ بی جے پی نے نیکلس روڈ پر کانگریس کی ریلی کو سیاسی دیوالیہ پن اور شکست کے خوف کی علامت قرار دیتے ہوئے اس کی مذمت کی۔

۳۔ بی آر ایس کے ورکنگ پریسیڈنٹ کے ٹی راما راؤ نے بہادر گوڑہ کے متاثرہ کسانوں سے ملاقات کی اور الزام عائد کیا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی بلیٹ ٹرین منصوبہ کے لئے غریب کسانوں کی زمینات زبردستی حاصل کر رہے ہیں۔

۴۔ چیف منسٹر اے ریونت ریڈی نے 2026 ایشین گیمس میں خواتین کے 25 میٹر پسٹل مقابلے میں سلور میڈل حاصل کرنے والی حیدرآباد کی شوٹر ایشا سنگھ کو مبارکباد دی۔

۵۔ ایل نینو کے باعث تلنگانہ میں درجہ حرارت معمول سے 3 سے 4 ڈگری سیلسیس زیادہ ریکارڈ کیا جا رہا ہے۔ محکمہ موسمیات نے آئندہ دو دنوں میں درجہ حرارت میں مزید دو ڈگری سیلسیس اضافہ کی پیش گوئی کی ہے۔

BJP CONDEMNT

الیکشن کمیشن کے خلاف حیدرآباد کے نیکلس روڈ پر کانگریس کی ریلی کی مذمت کرتے ہوئے بی جے پی تلنگانہ کے ترجمان این وی سبھاش نے اسے سیاسی دیوالیہ پن اور شکست کے خوف کی عکاسی قرار دیا۔ انھوں نے الزام عائد کیا کہ ریونت ریڈی حکومت اپوزیشن کو دبانے کے ساتھ ساتھ آئینی اداروں کو دھمکیاں دے رہی ہے اور اپنے انتخابی وعدوں کی تکمیل میں ناکام رہی ہے۔

Desk

KTR

حیدرآباد کے تلنگانہ بھون میں بی آر ایس کے ورکنگ پریسیڈنٹ کے تارک راما راؤ نے بہادر گوڑہ کے ان کسانوں سے ملاقات کی جن کی اراضی بلیٹ ٹرین منصوبہ کی زد میں آرہی ہے۔ کے ٹی آر نے پولیس پر الزام لگایا کہ وہ کسانوں کو ہراساں کرنے کے بجائے ان قائدین کے خلاف کارروائی نہیں کر رہی جنہوں نے 420 وعدے پورے نہیں کیئے۔ انہوں نے ریونت ریڈی پر غریب کسانوں کی زمین کمیشن پر حاصل کرنے کا الزام عائد کیا اور کہا کہ حکومت ایئرپورٹ کی زمین یا اہم سیاست دانوں کی نجی اراضی کے بجائے کسانوں کی زمینوں کو نشانہ بنا رہی ہے۔ کے ٹی آر نے کے سی آر کی ایک سال کے اندر واپسی کا اعتماد ظاہر کرتے ہوئے کسانوں کو سپریم کورٹ تک قانونی مدد فراہم کرنے کا وعدہ کیا۔

Desk

SC-MDR

سپریم کورٹ نے مرکز کے اس فیصلہ پر روک لگانے سے انکار کردیا جس کے تحت 2,000 سے زائد مالیت کے مخصوص یو پی آئی لین دین پر مرچنٹ ڈسکاؤنٹ ریٹ عائد کیا جائے گا اور یہ فیصلہ اگلے ماہ کی 15 تاریخ سے نافذ ہونے والا ہے۔ چیف جسٹس آف انڈیا سوریا کانت کی سربراہی والی بنچ نے معاملہ کو تکنیکی نوعیت کا قرار دیتے ہوئے مرکز اور ریزرو بینک آف انڈیا سے جواب طلب کیا۔ عدالت نے یہ بھی نوٹ کیا کہ 96 فیصد صارفین اس اقدام سے مستثنیٰ رہیں گے۔

Desk

BHATTI

حیدرآباد کے بی آر کے بھون میں کانگریس کے ایک بڑے احتجاج کی قیادت کرتے ہوئے ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ نے چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کے استعفی کا مطالبہ کیا۔انہوں نے کہا کہ راہول گاندھی کی جانب سے ووٹ چوری کے بارے میں دی گئی وارننگ درست ثابت ہوئی ہے۔ آئین کی ایک کاپی ہاتھ میں لئے بھٹی نے ایک یادداشت پیش کی اور تمام جمہوری قوتوں پر زور دیا کہ وہ شہریوں کے حق رائے دہی کے تحفظ کے لئے متحد ہوں۔

Desk

SC-MBBS

سپریم کورٹ نے ایک بار پھر واضح کیا کہ ایم بی بی ایس کے کوالیفائنگ امتحان سے قبل تلنگانہ میں مسلسل 4 سالہ تعلیم کی شرط مقامی ریزرویشن کا دعویٰ کرنے کے لئے لازمی ہے۔یہ شرط صدارتی حکم نامہ کے مطابق ہے۔جسٹس بی آر گوائی کی بنچ کے سابقہ فیصلہ کا حوالہ دیتے ہوئے جسٹس پی ایس نرسمہا کی بنچ نے جیلا انکیتا کی درخواست خارج کردی جس میں اس شرط کو من مانی قرار دیتے ہوئے چیلنج کیا گیا تھا۔عدالت نے تلنگانہ حکومت کے فیصلہ کو برقرار رکھا۔

Desk

EL NINO

ایل نینو کے اثرات کے باعث تلنگانہ میں درجہ حرارت معمول سے تین سے چار ڈگری سیلسیس زیادہ ریکارڈ کیا جارہا ہے۔نظام آباد اور محبوب نگر میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35 ڈگری سیلسیس جبکہ کھمم میں 34 ڈگری سیلسیس تک پہنچ گیا۔حیدرآباد میں درجہ حرارت 34 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا جو معمول کے 31.8 ڈگری کے مقابلہ میں زیادہ ہے۔محکمہ موسمیات نے آئندہ دو دنوں کے دوران درجہ حرارت میں مزید دو ڈگری سیلسیس اضافہ کی پیش گوئی کی ہے۔

Desk

PROTEST

حیدرآباد کے نیکلس روڈ پر کانگریس قائدین نے احتجاج کرتے ہوئے ایس آئی آر کے تحت ووٹر لسٹوں کی نظرثانی میں مبینہ خامیوں پر چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کے استعفیٰ کا مطالبہ کیا۔ ٹی پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ، وزیر پونم پربھاکر اور دانم ناگیندر کی قیادت میں کانگریس قائدین نے اندرا گاندھی کے مجسمہ سے الیکشن کمیشن کے دفتر تک ریلی نکالی۔ اس دوران انہوں نے مرکزی حکومت اور الیکشن کمیشن کے خلاف نعرے لگائے۔

Taken in Midday Bulletin

KRMB

تلنگانہ حکومت نے یکم اکتوبر کو مقررہ کرشنا ریور مینجمنٹ بورڈ کے اجلاس کو ملتوی کرنے کی درخواست کی ہے۔ اسی دن چیف منسٹر کی صدارت میں ریاستی کابینہ کا اجلاس طے ہے۔ محکمہ آبپاشی کے انجینئر اِن چیف رمیش بابو نے کے آر ایم بی کے چیرمین کو باضابطہ خط روانہ کرتے ہوئے اجلاس کے لئے نئی تاریخ مقرر کرنے کی درخواست کی۔ خط میں کہا گیا کہ کابینہ کے اجلاس میں اہم انتظامی امور پر غور کے باعث اعلیٰ عہدیدار مصروف رہیں گے۔

Desk

DANAM NAGENDER

نیکلس روڈ پر چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کے استعفیٰ کے مطالبہ پر کانگریس کے احتجاج میں شرکت کرتے ہوئے کانگریس قائد دانم ناگیندر نے آئندہ خیریت آباد ضمنی انتخاب میں کانگریس کی شاندار کامیابی کا اعتماد ظاہر کیا۔

Desk

TPCC:

گاندھی بھون میں یوتھ کانگریس کی ایگزیکیٹیو میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے ٹی پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ نے نوجوان قائدین پر زور دیا کہ وہ عوام کے درمیان سرگرم رہیں اور حکومت کی فلاحی اسکیموں کو عوام تک پہنچائیں۔ انہوں نے کہا کہ محنت اور لگن سیاسی مواقع فراہم کرتی ہے۔ مہیش کمار گوڑ نے یوتھ کانگریس کے تاریخی کردار کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ تنظیم نے کئی اہم سیاسی قائدین کو تیار کیا ہے۔ انہوں نے آئندہ بلدیاتی انتخابات میں نوجوانوں کو ترجیح دینے کا وعدہ بھی کیا۔

Desk

YADADRI

یادادری بھونگیر ضلع میں کانگریس قائدین نے ایس آئی آر تنازعہ پر چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کے استعفیٰ کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج کیا۔ آلیر کے رکن اسمبلی اور ڈی سی سی صدر برلا ایلیا اور بھونگیر کے رکن اسمبلی کے انیل کمار ریڈی کی قیادت میں امبیڈکر چوراستہ سے کلکٹریٹ تک ریلی نکالی گئی۔ کلکٹریٹ کے باہر احتجاج کے بعد قائدین نے کلکٹر کو ایک یادداشت پیش کی۔

PTC/YB

CONGRATS

تلنگانہ کے چیف منسٹر اے ریونت ریڈی نے جاپان میں جاری 2026 ایشین گیمز میں خواتین کے 25 میٹر پسٹل انفرادی مقابلہ میں سلور میڈل جیتنے والی حیدرآباد کی شوٹر ایشا سنگھ کو مبارکباد دی۔ انہوں نے 5 شوٹ آف مرحلوں کے دوران ایشا سنگھ کے پُرسکون انداز کی ستائش کرتے ہوئے ان کی جدوجہد اور حوصلہ کو سراہا۔ چیف منسٹر نے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ عالمی سطح پر تلنگانہ کا وقار مزید بلند کرتی رہیں۔

Desk

MEDAK

میدک ضلع کلکٹر پرتیما سنگھ نے کسانوں پر زور دیا کہ وہ ایل نینو کے چیلنجز سے نمٹنے اور مستقل آمدنی کو یقینی بنانے کے لئے متبادل فصلوں، بشمول پولی ہاؤس سبزیوں اور آئل پام کی کاشت اختیار کریں۔ انہوں نے کوڈی پلی منڈل کے متراج پلی کا دورہ کرتے ہوئے کامیابی سے چلائے جارہے یوروپی کھیروں کے پولی ہاؤس کا معائنہ کیا۔اس کے علاوہ آئل پام کے باغ میں پولی نیشن کرنے والے کیڑے چھوڑے اور ایم آئی ڈی ایچ کے تحت تعمیر کردہ فارم پونڈس کا بھی جائزہ لیا۔

PTC/MDK

JANGAON

جنگاؤں ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھانے آرڈی او کرن پرکاش کے ہمراہ پالکرتی میں سوشل ویلفیئر گرلز گروکل اسکول کا معائنہ کیا۔انہوں نے طلبہ کو چوہوں کے کاٹنے سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبروں کو موقع پر جانچ کے بعد بے بنیاد قرار دیا۔کلکٹر نے پنچایت سکریٹری کو اسکول میں صفائی برقرار رکھنے کی ہدایت دی جبکہ عہدیداروں کو تازہ اور غذائیت سے بھرپور کھانا فراہم کرنے کا حکم دیا۔انہوں نے اسکول کے کیمپس میں غیر مجاز افراد کے داخلہ پر بھی پابندی عائد کرنے کی ہدایت دی۔

PTC/JGN

KARIMNAGAR

چیف منسٹر اے ریونت ریڈی 30 ستمبر کو کریم نگر کے نئے کلکٹریٹ کا افتتاح کرنے کے لئے مجوزہ دورہ سے قبل ضلع کلکٹر چترا مشرا نے عہدیداروں کو بہتر تال میل کے ساتھ انتظامات مکمل کرنے کی ہدایت دی۔ پولیس کمشنر غوث عالم کے ہمراہ انہوں نے ہیلی پیڈ اور کلکٹریٹ کے احاطہ کا معائنہ کیا۔کلکٹر نے انتباہ دیا کہ متعلقہ محکموں کی جانب سے کسی بھی قسم کی غفلت پر سخت تادیبی کارروائی کی جائے گی۔

PTC/KMN

DE-NOVO VOTER LIST

جنگاؤں میونسپل کمشنر راج شیکھر ریڈی نے ورنگل، کھمم، نلگنڈہ گریجویٹس حلقہ کے لئے نئے سرے سے ووٹر لسٹ تیار کرنے کے سلسلہ میں عوامی نوٹس جاری کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یکم نومبر 2026 کو اہلیت کی تاریخ مقرر کی گئی ہے۔ ڈگری مکمل کرنے والے اہل گریجویٹس 26 نومبر تک مقررہ مراکز پر فارم 18 کے ذریعہ اپنا نام درج کرا سکتے ہیں۔

PTC/JGN

MAHABUBABAD

ایم ایل سی ٹی رویندر راؤ نے محبوب آباد کے این ٹی آر اسٹیڈیم میں 70 ویں اسکول گیمس فیڈریشن کے ضلعی سطح کے انتخابی اسپورٹس فیسٹیول کا افتتاح کیا۔ یہ پروگرام ریاستی حکومت اور محکمہ اسکول ایجوکیشن کے زیر اہتمام منعقد کیا گیا۔ انہوں نے طلبہ میں نظم وضبط اور خوداعتمادی پیدا کرنے میں کھیلوں کے کردار کو اجاگر کرتے ہوئے شرکاء کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ جوش و جذبہ کے ساتھ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کریں تاکہ اعلیٰ سطح کے انتخاب کے لئے کوالیفائی کر سکیں۔

PTC/MBBD

MULUGU

میڈارم پجاریوں کی اسوسی ایشن نے ملگ ضلع کے تڑوائی منڈل میں سری سمکا سارالماں منی جاترا کی تواریخ کا باضابطہ اعلان کیا ہے۔ اس سلسلہ میں پنچایت راج اور خواتین واطفال بہبود کے وزیر کو تفصیلات سے آگاہ کیا گیا۔ چار روزہ میلہ 17 سے 20 فروری 2027 تک مذہبی رسومات کے ساتھ منعقد ہوگا۔

PTC/MLG

SIRCILLA

عالمی یوم قلب کے موقع پر نیشنل بیسٹ ٹیچر ایوارڈ یافتہ سمپت کمار اور ماہر حیاتیات کومریا نے راجنا سرسلہ ضلع کے دمنا پیٹ سرکاری اسکول میں 15×12 فٹ کا ایک بڑا دل کا خاکہ تیار کیا۔ شریانوں اور وریدوں کی نمائندگی کے لئے سرخ اور نیلے ربن استعمال کئے گئے۔ اس عملی مظاہرے کے ذریعہ طلبہ کو خون کی گردش اور دل کی صحت کے بارے میں آسان اور عملی انداز میں معلومات فراہم کی گئیں۔

PTC/RS

SCHOOLS

ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ نے انجینئرنگ عہدیداروں کو ینگ انڈیا انٹی گریٹڈ ریذیڈنشیل اسکولس کی تعمیر کا کام تیز کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے 24 گھنٹے کام جاری رکھنے، مقررہ مدت میں تعمیر مکمل کرنے، ہفتہ وار پیشرفت کا جائزہ لینے اور مسلسل سی سی ٹی وی نگرانی کو لازمی قرار دیا۔ عہدیداروں نے بتایا کہ منظورشدہ 87 حلقوں میں سے 70 حلقوں میں تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہے، تاکہ اسکولس کو مقررہ وقت پر مکمل کیا جاسکے۔

Desk

BJP VP:

سابق رکن پارلیمنٹ اور بی جے پی ریاستی نائب صدر ڈاکٹر بی نرسیا گوڑ نے چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کے خلاف کانگریس کے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ یہ آنے والے ریاستی انتخابات میں شکست کے خدشہ کے پیش نظر پہلے سے تیار کئے گئے بہانے ہیں۔ انہوں نے کانگریس قائدین کو چیلنج کیا کہ اگر وہ چیف الیکشن کمشنر کے استعفیٰ کا مطالبہ کررہے ہیں تو پہلے ان حکومتوں سے استعفیٰ دیں جو اسی چیف الیکشن کمشنر کے تحت ہماچل پردیش، کرناٹک، تلنگانہ اور کیرالا میں تشکیل دی گئی تھیں۔

Desk

BRS ٍ

راجنا سرسلہ مدراج ویلفیئر اسوسی ایشن کے قائدین نے تلنگانہ بھون میں بی آر ایس کے ورکنگ پریسیڈنٹ کے ٹی راماراؤ سے ملاقات کی۔ کے ٹی آر نے حالیہ مدراج سمہا گرجنا اجلاس کی کامیابی پرانہیں مبارکباد دی۔ انہوں نے چیف منسٹر ریونت ریڈی سے مطالبہ کیا کہ مدراج برادری کو بی سی۔ڈی سے بی سی۔اے زمرہ میں منتقل کرنے کے وعدہ کو پورا کیا جائے۔ کے ٹی آر نے اس مطالبہ کیلئے بی آر ایس کی مکمل حمایت کا یقین دلایا۔

Desk

○○